ایڈیٹر کے نام خطوط

جاوید حبیب، کلکتہ

اسپین کا تازہ شمارہ اس مرتبہ تاخیر سے ملا لیکن پرچہ دیکھ کر طبیعت خوش ہوگئی۔ اس شمارے میں امریکہ کے صدارتی انتخاب پر جو گوشہ ہے وہ انتہائی معلوماتی اور دلچسپ ہے۔ سیاحت پر مضامین میں بہت شوق سے پڑھتا ہوں اور اسی لئے مجھے خاص طور پر اسپین میں سفرناموں کی تلاش رہتی ہے۔ اس مرتبہ پنسلوانیا کے پائن کریک درہ آب کا نقشہ اس طرح پیش کیا ہے کہ مقام کا نقشہ آنکھوں کے سامنے گھومنے لگا۔ کمود موہن کا مضمون ڈینا مریم اور انجم نعیم کا تعارفی خاکہ اظہر عثمان بہت عمدہ تحریریں ہیں۔ اظہر عثمان کے بارے میں میں نے ویب سائٹ پر ایک مضمون پڑھا تھا لیکن یہ تفصیلی مضمون نہ صرف اظہر عثمان پر ہے بلکہ کامیڈی کے فن پر بھی بہت اچھے انداز میں بحث کرتا ہے۔

جعفر سید، بنگلور

اسپین کا شمارہ مع کلینڈر موصول ہوا۔ سرورق پر بارک اوباما کی تصویر دیکھ کر خوشی ہوئی۔ بارک اوباما نے اپنی انتخابی تقریر میں کہا تھا کہ امریکہ میں نئی تبدیلی کا آغاز ہو چکا ہے۔ کاش وہ اپنے اس جملہ میں ذرا سی تبدیلی کر دیتے اور یہ کہتے کہ ساری دنیا میں تبدیلی کا آغاز ہو چکا ہے۔ اوباما ایک حرکیاتی لیڈر ہیں اور حرکت میں برکت ہے۔ امید ہے اوباما کی قیادت میں دنیا بھر میں ایک نئی خوشگوار تبدیلی کا آغاز ہوگا۔

نونیت سیٹھی، نئی دھلی

ایک افریقی امریکی طالب علم کے طور پر میں نے خصوصی طور پر امریکی صدور پر نومبر/دسمبر ۲۰۰۸ کے شمارہ کی سرورق کہانی کا لطف اٹھایا۔ یہ واقعی پرلطف، معلوماتی اور شدید حوصلہ افزا ہے۔ جذبات سے مغلوب ہو کر میں نے نومبر ۴، ۲۰۰۸ کے خطاب فتحیابی کے بعد اوباما۔ بیڈن کی انتخابی مہم ویب سائٹ پر ایک ای میل بھیجا۔ میں اس تاریخی لمحہ کو جمہوریت کی فتح اور تعمیری عمل میں پُر اعتمادی کی انتہا کے طور پر دیکھتا ہوں۔

مختار احمد فردین، حیدر آباد

بارک اوباما کی کامیابی امریکی تاریخ کا ایک سنہری باب ہے۔ سبھی ان کی جانب امید بھری نظروں سے دیکھ رہی ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ صدر بارک اوباما کی قیادت میں دنیا ایک نئی تبدیلی کی سمت بڑھے گی جہاں ہر جانب خوشحالی اور امن ہوگا۔

ایمن فاطمہ، مصطفیٰ احمد، وقار آباد (آندھرا پردیش)

اسپین کا تازہ شمارہ مع کلنڈر ملا۔ مختلف رنگوں اور مختلف ڈیزائن والا خوش نما اور خوبصورت کلنڈر دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کے ساتھ اسپین کے مضامین اور نئے صدر منتخب بارک اوباما کی فیملی تصویر بہت خوب ہیں۔ امریکی صدور کے مختلف لمحات کی تصاویر قابل دید ہیں۔ ان کی تفصیلات بھی معلومات میں اضافہ کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔

آئندہ شمارہ میں ممکن ہے کہ بارک اوباما کی وہ تصاویر دیکھنے کو ملیں جن میں وہ وہائٹ ہاؤس میں باقاعدہ بطور صدر اپنی ذمہ داریاں نبھاتے نظر آئیں گے۔ بارک اوباما ہم طالب علموں کے پسندیدہ لیڈر ہیں اور سبھی انہیں امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں کہ ۲۰۰۹ امریکہ اور ہندوستان کے لئے ایک بہتر سال ثابت ہو، دونوں ممالک کے درمیان روابط مزید گہرے ہوں اور بارک اوباما زیادہ سے زیادہ بچوں کو امریکی تہذیب و تمدن سے روشناس ہونے اور آپسی ربط و ضبط کو مستحکم بنانے کے لئے امریکہ آنے کی مزید سہولت فراہم کرائیں۔ اس دوستانہ ماحول کا اثر دونوں ملکوں کے صحت مند تعلقات پر بھی پڑے گا۔

اسپین میں امریکی فٹبال، دنیا کی سیر، خلائی سائنس اور دیگر موضوعات پر مزید معلوماتی مضامین کا انتظار رہے گا۔

بارک اوباما اور ان کے ساتھیوں کو ان کی اس تاریخی کامیابی پر مبارکباد۔

عطاء اللہ ڈھاکوی، مشرقی چمپارن

گذشتہ دنوں آل انڈیا ریڈیو کے دفتر میں اسپین دستیاب ہوا۔ ظاہری خوبصورتی، طباعت اور مضامین نے متاثر کیا۔ انسان کی سب سے بڑی ضرورت تعلیم ہے۔ تعلیم اور دیگر موضوعات سے متعلق معلومات کی فراہمی میں توازن دیکھ کر دل باغ باغ ہوگیا۔ یہاں کے اردو اخبارات اور رسائل میں امریکہ سے متعلق مثبت مضامین کم نظر آتے ہیں۔ ایسے میں اسپین میں امریکہ میں اسلام اور سیاحت سے متعلق معلوماتی مضامین کی پیش کش بہت خوب ہے۔